سنٹرل پولیس آفس
پاکستان ریلویز پولیس لاہور

No.8PRP/CPO/PRO/LHR-2023 مورخہ:25-05-2023

پریس ریلیز

یومِ تکریم شہدائے پاکستان کے حوالے سے سنٹرل پولیس آفس ریلویز میں تقریب

لاہور:سنٹرل پولیس آفس ریلویز میں یومِ تکریم شہدائے پاکستان کے حوالے سے تقریب کا انعقاد کیا گیا۔تقریب میں شہداء کے اعزاز میں سلامی پیش کی گئی اورانسپکٹر جنرل پاکستان ریلویز پولیس ڈاکٹر راؤ سردار علی خان نے یادگارِشہداء پر پھول رکھے اور شہداء کے درجات کی بلندی اورملکی ترقی واستحکام کے حوالے سے دعا بھی کروائی گئی۔تقریب میں ڈی آئی جی نارتھ ڈاکٹر محمد وقار عباسی سمیت سینئر افسران نے شرکت کی۔

اس موقع پر آئی جی ریلویز پولیس ڈاکٹر راؤ سردار علی خان کی ہدایت پر تمام ڈویژن ہائے کے ایس پیز نے یومِ تکریم شہداء کے حوالے سے پولیس لائنز میں تقریبات کا انعقاد کیا اور شہداء کے بلند درجات اور ملک کی ترقی اور استحکام کے لئے خصوصی دعائیں بھی کروائی گئیں۔اس کے علاوہ ریلویز پولیس کے شہداء کی فیملیز کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے لئے ان کے گھروں میں پھولوں کے گلدستے بھجوائے گئے۔

اس حوالے سے آئی جی ریلویز پولیس کا کہنا تھا کہ ملک کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے محسن ہیں جن کی قربانیوں کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔

پبلک ریلشنز آفیسر

پی آر پی،سی پی او،لاہور